

MY PLANET NOW

# رہنمائے فلم بندی

Sandpaper Films

# مواد کا صفحہ


| | |
|---|---|
| فلم کی تفصیلات | 3 |
| فلم بندی کی عملی تجاویز | 4 |
| اپنی ہانی کس طرح بیان کریں | 5 |
| کس چیز کی فلم بندی کرنی چاہیے | 6 |
| دوسرے افراد کے ساتھ فلم بندی | 7 |
| اپنے فوٹیج اپلوڈ کرنا | 8 |
| محفوظ رہنا | 9 |
| رابطہ | 18 |






# فلم کی تفصیلات

’مائی پلانیٹ ناؤ‘ ایک متحرک فیچر دستاویزی فلم ہے جو موسمیاتی بحران کے جواب میں ایک عالمی حقیقی امداد باہمی ممکن بنانے کے لیے نئی راہوں اور سپورٹ کی کوششوں کی متلاشی ہے۔

یہ فلم موسمیاتی بحران کی کہانی کو منفرد انسانی انداز میں بیان کرے گی، اس کے لیے دنیا بھر کے عام شہریوں کو پلانیٹ سے ان کے تعلق اور موسمیاتی تبدیلی کے تجربے کی ان کی ذاتی کہانیاں اسمارٹ فونز کا استعمال کرکے فلمانے اور شیئر کرنے کے لیے مدعو کیا جائے گا۔

# فلم بندی کی عملی تجاویز



فلم لینڈ اسکیپ موڈ میں بنائیں



ریکارڈ کریں کو دبانا نہ بھولیں۔



اپنا اسمارٹ فون خود سے پکڑیں - یا سیلفی اسٹک کا استعمال کریں۔
لیکن ہر وقت اپنے گرد و نواح کے ممکنہ خطرات سے باخبر رہنا یاد رکھیں اور فلم بندی کے آپ کے عمل کی وجہ سے اپنی حفاظت کی طرف سے اپنی توجہ نہ ہٹنے دیں۔



اگر آپ بول رہے ہیں - تو کیا آپ کو سُنا جا سکے گا؟
ہوا اور پس منظر کی دیگر آوازوں سے محتاط رہیں۔



آپ جو کچھ بھی دیکھ رہے ہیں وہ ہمیں دکھائیں۔
ہم آپ کو کیمرے پر باتیں کرتے ہوئے دیکھنا چاہتے ہیں۔ لیکن براہ کرم ہمیں یہ بتانے کے لیے اضافی فوٹیج بھی ریکارڈ کریں کہ آپ کہاں ہیں اور آپ کیا دیکھ رہے ہیں۔



# اپنی ہانی کس طرح بیان کریں

## دل سے بولیں

تصور کریں کہ آپ کسی دوست سے بات کر رہے ہیں - نہ کہ تقریر کر رہے ہیں یا ٹی وی پریزنٹر کی طرح بات کر رہے ہیں۔

## ہمیں اپنے ساتھ لے چلیں

ہم پلانیٹ سے آپ کی محبت اور موسمیاتی تبدیلی کے بارے میں آپ کے خیالات کے بارے میں سننا چاہتے ہیں، لیکن ہم آپ کی دنیا کو بھی دیکھنا چاہتے ہیں۔ لہٰذا، جب آپ معمول کی سرگرمی کے لیے باہر نکلیں تو اپنا فون لیں اور خود کو اور اپنے اردگرد کی مناظر کو فلمائیں۔



# کس چیز کی فلم بندی کرنی چاہیے

**ہم آپ سے یہ فلمانے اور شیئر کرنے کے لیے کہہ رہے ہیں کہ آپ کے لیے ذاتی طور پر موسمیاتی تبدیلی کا کیا مطلب ہے۔**

آپ کے لیے یہ اہم ہے کہ آپ اپنی کہانی اسی انداز میں شیئر کریں جو آپ کو صحیح لگتا ہے، اس لیے براہ کرم خود کو ان تجاویز تک محدود محسوس نہ کریں۔ لیکن فلم بندی کے دوران ایسا کرنا معاون ہو سکتا ہے:

- ہمیں بتائیں کہ آپ کون ہیں
- ہمیں اپنی دنیا دکھائیں – جہاں آپ رہتے ہیں، وہ جگہیں جنہیں آپ پسند کرتے ہیں، وہ لوگ جن سے آپ محبت کرتے ہیں۔
- شیئر کریں کہ موسمیاتی تبدیلی آپ کی زندگی اور ان لوگوں کو کس طرح متاثر کر رہی ہے جن کا آپ خیال رکھتے ہیں۔
- شیئر کریں کہ بدلتی ہوئی آب و ہوا سے آپ کو کیسا محسوس ہوتا ہے؟ مستقبل کے لیے آپ کی امیدیں اور/یا خوف کیا ہیں؟
- اگر آپ کارروائی کر رہے ہیں - ہمیں دکھائیں کہ آپ بدلتی ہوئی آب و ہوا کے مقابل کیسے ردعمل یا موافقت اختیار کر رہے ہیں۔ ہمیں بتائیں کہ کارروائی کرنے سے آپ کیسا محسوس کرتے ہیں۔

# دوسرے افراد کے ساتھ فلم بندی

**یہ ضروری ہے کہ کوئی بھی فرد جو آپ کی فوٹیج میں نمایاں ہو یا کیمرے پر بات کر رہا ہو وہ خود کو فلمانے کی اجازت فراہم کرے۔**

**دوسرے افراد کے ساتھ فلم بندی سے پہلے:**
ان سے پوچھیں کہ کیا وہ 'مائی پلانیٹ ناؤ' کے لیے فلمائے جانے سے خوش ہیں۔

اگر وہ خوش ہوں تو ان سے کہیں وہ کیمرے پر تصدیق کریں کہ وہ 'مائی پلانیٹ ناؤ' کے لیے فلمائے جانے سے خوش ہیں۔ براہ کرم ان سے اپنا نام بتانے اور اس کی ہجے کرنے، نیز یا تو فون نمبر یا پھر ای میل پتہ فراہم کرنے کے لیے بھی کہیں۔

**پس منظر میں موجود لوگ:**
آپ کو عام طور پر ان لوگوں سے اجازت لینے کی ضرورت نہیں ہے جو صرف پس منظر میں ہوں۔

**بچے/18 سال سے کم عمر کے افراد**
اگر آپ کسی ایسے شخص کے ساتھ فلم بندی کر رہے ہیں جس کی عمر 18 سال سے کم ہے، یا جو آپ کے ملک میں قانونی طور پر بالغ نہیں ہے، تو آپ کو اس کے والدین یا سرپرست سے کیمرے پر اجازت لینے اور ان کے رابطے کی تفصیلات حاصل کرنی ہوں گی۔

**کسی اور کی جائیداد پر فلم بندی:**
اگر آپ کسی اور کی جائیداد پر فلم بنا رہے ہیں، تو آپ کو ان کی اجازت لینے اور ان کے رابطے کی تفصیلات حاصل کرنے کی ضرورت ہوگی۔





# محفوظ رہنا

## عمومی حفاظتی رہنما خطوط

دراں حالیکہ ہم آپ کی کہانی سننا چاہتے ہیں اور اس حقیقت کو دکھانا چاہتے ہیں کہ موسمیاتی تبدیلی آپ کی روزمرہ کی زندگی کو ممکنہ طور پر کس طرح متاثر کر رہی ہے، ہماری بنیادی تشویش یہ ہے کہ آپ فلم بندی کے لیے اپنی حفاظت یا دوسرے لوگوں کی حفاظت کو خطرے میں نہ ڈالیں۔

اگر آپ خطرے سے بھری صورتحال میں نہیں ہیں تو پھر خطرے کو دعوت نہ دیں۔ اگر آپ کی صورتحال ناگزیر طور پر پُر خطر ہے، تو فلم کے لیے اضافی اور غیر ضروری خطرات مول نہ لیں۔

براہ کرم نوٹ کریں، یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ فلم بندی شروع کرنے سے پہلے ان عمومی حفاظتی اصولوں اور کسی بھی رہنمائی کو احتیاط سے پڑھیں، جو آپ کی ذاتی صورتحال سے متعلق ہوں، اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ سمجھتے ہیں کہ وہ آپ پر کس طرح لاگو ہوتے ہیں۔

## عمومی حفاظتی اصول

- فلم بندی کے لیے غیر ضروری خطرات مول لے کر اپنی حفاظت یا صحت - یا دوسرے افراد کی حفاظت کو خطرے میں نہ ڈالیں؛
- اپنے ملک یا علاقے کے کوویڈ سے متعلق قوانین اور رہنما خطوط پر ہر وقت عمل کریں اور کوئی بھی ایسا خطرہ مول نہ لیں جس سے بیماری بشمول کوویڈ19- پھیل سکتی ہو؛
- فلم بندی نہ کریں، جب آپ ذاتی طور پر گاڑی چلا رہے ہوں یا بصورت دیگر کوئی گاڑی آپریٹ کر رہے ہوں؛
- ہمیشہ اپنے ماحول کا خیال رکھیں اور کیمرے کو غیر محفوظ طریقے سے آپ کی توجہ بھٹکانے کی اجازت نہ دیں (مثلاً ہم نہیں چاہتے کہ آپ گاڑی کے آگے جائیں یا چلیں)۔ اگر آپ فلم بندی کرتے وقت آپ کے آس پاس جانور ہوں تو براہ کرم تمام معمول کی احتیاطی تدابیر بھی اختیار کریں؛
- معیاری عمل کے معاملے کے طور پر، ہم سے مطلوب ہے کہ ہم ہر ایک سے کہیں: کسی مجرمانہ سرگرمی میں ملوث ہونے یا بحث کرنے کی حالت میں اپنی فلم بندی نہ کریں۔ ہم سے یہ بھی مطلوب ہے کہ ہم آپ کو کہیں کہ آپ غیر قانونی مادوں کے زیر اثر خود کی فلم بندی نہ کریں۔

اگر ان رہنما خطوط کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو براہ کرم فلم بندی شروع کرنے سے پہلے ہم سے رابطہ کریں۔

# موسمیاتی اور ماحولیاتی خطرات کی رہنمائی

مندرجہ ذیل آپ کی ذاتی صورتحال پر لاگو ہو سکتا ہے، یا نہیں ہو سکتا:

براہ کرم وہ تمام رہنمائی پڑھیں جو آپ کی ذاتی صورتحال پر لاگو ہوسکتی ہیں۔

جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے، دراں حالیکہ ہم آپ کی کہانی سننا چاہتے ہیں اور اس حقیقت کو دکھانا چاہتے ہیں کہ موسمیاتی تبدیلی آپ کی روزمرہ کی زندگی کو ممکنہ طور پر کس طرح متاثر کر رہی ہے، ہماری بنیادی تشویش یہ ہے کہ آپ فلم بندی کے لیے اپنی حفاظت یا دوسرے لوگوں کی حفاظت کو خطرے میں نہ ڈالیں۔ اگر آپ خطرے سے بھری صورتحال میں نہیں ہیں تو پھر خطرے کو دعوت نہ دیں۔ اگر آپ کی صورتحال ناگزیر طور پر پُر خطر ہے، تو فلم کے لیے اضافی اور غیر ضروری خطرات مول نہ لیں۔

ہم اس بات سے باخبر ہیں کہ درج ذیل رہنمائی آپ کے حالات اور آپ کے لیے دستیاب آپشنز کے لیے ہمیشہ موزوں معلوم نہیں ہو سکتی ہے - اور ہم اس کے لیے معذرت خواہ ہیں - لیکن UK کا قانون ہم سے مطالبہ کرتا ہے کہ ان معلومات اور مشوروں کا اشتراک ہم آپ سے کریں۔

# سیلاب

وہ تمام احتیاطی تدابیر اختیار کریں جن پر آپ عام طور پر سیلاب (یا ممکنہ سیلاب) کی صورت میں عمل کریں گے اور فلم بندی کو سرکاری حکام کی رہنمائی کے مقابلہ میں ترجیح نہ دیں۔

UK کے قانون کے مطابق ہم سے یہ مطلوب ہے کہ ہم یہ تمام مشورے آپ کے ساتھ شیئر کریں، لیکن یہ سمجھ لیں کہ سیلاب کے پانی سے دور محفوظ جگہ تلاش کرنا ہمیشہ ممکن نہیں ہو سکتا۔ براہ کرم یاد رکھیں کہ ہماری بنیادی تشویش یہ ہے کہ آپ جن خطرات کا سامنا کر رہے ہیں ان میں اضافہ سیلاب کو فلمانے کے لیے نہ کریں۔

ہر وقت

— اگر ممکن ہو تو تازہ ترین معلومات کے لیے موسم اور سیلاب کی تمام انتباہات کی نگرانی کریں۔

اگر آپ کے قرب و جوار میں سیلاب آجاتا ہے اور آپ کسی محفوظ جگہ پر منتقل ہونے کے قابل ہیں:

— اگر ممکن ہو تو اپنے گرد و نواح کے علاقے میں اچانک سیلاب آنے کی صورت میں فوری طور پر پناہ حاصل کریں۔ (اگر آپ سیلاب سے دور نہیں جا سکتے، تو براہ کرم اضافی احتیاطی تدابیر اختیار کریں - نیچے دیکھیں)؛

— سیلاب کو صرف کسی محفوظ جگہ سے ہی فلمائیں - اور سیلاب میں کسی بھی وقت نہ چلیں، نہ تیراکی کریں، نہ ہی گاڑی چلائیں، یا کسی اور طریقے سے سیلاب میں داخل ہوں؛

— محتاط رہیں اور ان پشتوں/کناروں پر کھڑے نہ ہوں جو سیلابی پانی کی نقل و حرکت کی زد میں آ سکتے ہوں۔

— سیلاب کی دستاویزبندی کے لیے غیر ضروری خطرات مول نہ لیں، جیسے تیزی سے بہنے والے پانی پر موجود پلوں سے فلم بندی کرنا؛

اگر سیلاب آپ کے گھر یا فوری ماحول کو براہ راست متاثر کرتا ہے:

— اگر آپ سیلاب سے دور نہیں جاسکتے، اور آپ کے ساتھ جو ہو رہا ہے اسے فلمانے کا انتخاب کرتے ہیں تو اضافی احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ اگر آپ یہ نہیں دیکھ سکتے کہ آپ کس چیز پر کھڑے ہیں/چل رہے ہیں یا آپ کہاں چل رہے ہیں تو فلم بندی نہ کریں۔

— اگر آپ کسی ایسی عمارت میں پھنس گئے ہیں جو سیلاب کی زد میں ہے، تو ممکنہ حد تک بلند ترین سطح پر جائیں۔ صرف ضروری ہونے پر ہی چھت پر جائیں اور پھر مدد کے لیے اشارہ کریں۔ (کسی بند بالاخانے پر نہ چڑھیں، تاکہ آپ ایسی جگہ میں نہ پھنسیں جہاں سیلابی پانی کے علاوہ نکلنے کا کوئی راستہ نہ ہو)؛

— اگر آپ کی گاڑی سیلابی پانی میں پھنس گئی ہے تو اس کے اندر ہی رہیں، جب تک کہ گاڑی میں پانی نہ آ رہا ہو، ایسی صورت میں چھت پر منتقل ہو جائیں اور بچاؤ کے لیے توجہ حاصل کریں۔

— سیلاب کی دستاویزبندی کے لیے غیر ضروری خطرات مول نہ لیں، جیسے تیزی سے بہنے والے پانی پر موجود پلوں سے فلم بندی کرنا؛

سیلابی پانی سے رابطہ - سیلاب کے دوران یا بعد میں:

— اگر یہ اختیار میں ہو تو سیلاب کے پانی میں ایسا کچھ بھی نہ ڈالیں جسے آپ استعمال کرتے ہوں - سیلاب کے پانی میں اکثر مختلف حیاتیاتی اور کیمیائی خطرات ہوتے ہیں جیسے کہ انسانی/جانوروں کا فضلہ، فرٹلائزر کا بہاؤ وغیرہ۔

— اگر کوئی جگہ سیلاب کی زد میں آ جائے تو وائلڈ لائف، انسانی/جانوروں کے فضلے، اور چھپے ہوئے ملبے کے امکانات کے لیے تیار رہیں؛

— اگر یہ ایک آپشن ہو تو، سیلابی پانی میں موجود کسی بھی چیز کو سنبھالتے وقت ہمیشہ حفاظتی لباس پہنیں۔

# جنگل کی آگ

وہ تمام احتیاطی تدابیر اختیار کریں جن پر آپ عام طور پر ممکنہ، موجودہ یا گذشتہ جنگل کی آگ کی صورت میں عمل کریں گے اور فلم بندی کے لیے کوئی خطرہ مول نہ لیں اور فلم بندی کو سرکاری حکام کی ہدایات کے مقابلہ میں ترجیح نہ دیں۔

ممکنہ یا موجودہ جنگل کی آگ کی صورت میں:

— اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ اپنے انخلاء کے زون سے باخبر ہیں۔

— اگر آپ کے لیے ایسا کرنا غیر محفوظ ہو تو آگ کو کبھی بھی نہ فلمائیں۔ فوری طور پر محفوظ جگہ پر جائیں؛

— جتنا ممکن ہو سکے دھواں کی زد میں آنے سے بچیں۔ اگر آپ کر سکتے ہیں تو N95/KN95 ماسک کا استعمال کریں، یا اپنی ناک اور منہ کو ڈھانپنے کے لیے کپڑے کا استعمال کریں جسے لگانے سے پہلے گیلا کر لیں، تاکہ سانس کے ذریعہ دھواں لینے کے اثرات اور راکھ سے آپ بچ سکیں؛

— اگر آپ پھنس جائیں - اور یہ ایک آپشن ہو - تو ایمرجنسی سروسیز کو کال کریں، اپنا لوکیشن بتائیں اور سروسیز کو آپ کو تلاش کرنے میں تعاون کے لیے لائٹس آن کر لیں۔

جنگل کی آگ کے بعد:

— جنگل میں آگ لگنے کے بعد، اس مقام پر واپس نہ جائیں جب تک کہ حکام یہ نہ کہیں کہ ایسا کرنا محفوظ ہے، اور ایسا کرتے وقت محتاط رہیں۔

— گرم راکھ، جلے ہوئے درختوں یا لکڑی کے ڈھانچے، سلگتے ملبے اور زندہ انگارے سے بچیں۔

— اگر ممکن ہو تو، حفاظتی لباس پہنیں اور ناک اور منہ پر ماسک لگائیں/چہرے کو ڈھانپیں؛

# لینڈ سلائیڈز

وہ تمام احتیاطی تدابیر اختیار کریں جن پر آپ عام طور پر ممکنہ، موجودہ یا گذشتہ لینڈ سلائیڈز کی صورت میں عمل کریں گے اور فلم بندی کے لیے کوئی خطرہ مول نہ لیں۔

تمام سرکاری حکام کی ہدایات کو ہمیشہ سنیں اور ان پر عمل کریں۔

اگر آپ کسی ایسے علاقے میں ہیں جہاں لینڈ سلائیڈ ہونے کا خطرہ ہے:

— شدید بارش کی انتباہات کے لیے ریڈیو یا ٹیلی ویژن سنیں اور آگاہ رہیں کہ تیز، مختصر بارش خاص طور پر خطرناک ہو سکتی ہے، خصوصاً طویل عرصے تک شدید بارش اور گیلے موسم کے بعد؛
— اگر آپ کسی ایسے علاقے میں ہیں جو لینڈ سلائیڈ اور ملبے کے بہاؤ کے لیے حساس ہے، تو وہاں سے نکلنے پر غور کریں اگر ایسا کرنا محفوظ ہو؛
— یاد رکھیں کہ سڑکوں کے کنارے کے پشتے خاص طور سے لینڈ سلائیڈ کے لیے حساس ہوتے ہیں۔ ٹوٹے ہوئے راستے، کیچڑ، گرے ہوئے پتھر، اور ممکنہ ملبے کے بہاؤ کے دیگر اشارے کے لیے سڑک پر نظر رکھیں؛
— آگاہ رہیں کہ زلزلے کے شدید جھٹکوں سے لینڈ سلائیڈنگ کے اثرات پیدا ہو سکتے ہیں یا ان میں شدت آ سکتی ہے۔

لینڈ سلائیڈ کی صورت میں:

— فوری طور پر انخلاء کریں۔ اپنے سامان سمیٹنے کے لیے تاخیر نہ کریں۔
— اس وقت فلم بندی نہ کریں جب تک کہ آپ محفوظ جگہ پر نہ ہوں۔

# طوفان/سائیکلونز/ٹائیفونز/ سونامیز/طوفان

وہ تمام احتیاطی تدابیر اختیار کریں جن پر آپ عام طور پر ممکنہ، موجودہ یا گذشتہ سمندری طوفان/سائیکلونز/ٹائیفونز/طوفان کی صورت میں عمل کریں گے اور فلم بندی کے لیے کوئی خطرہ مول نہ لیں۔ خاص طور سے، تمام سرکاری حکام کی رہنمائی کو ہمیشہ سنیں اور اس پر عمل کریں۔

سمندری طوفان/سائیکلون/ٹائفون کی صورت میں:

— طوفان/مقامات/ممکنہ سیلاب کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے موسم کی تمام انتباہات پر نظر رکھیں - اور اگر ان کا امکان ہو تو اپنے انخلاء کے زون کو جانیں۔

— اگر انخلاء کا حکم دیا جاتا ہے تو فلم بندی کی کسی بھی ضرورت قطع نظر آپ کو ان تقاضوں کی تعمیل کرنی چاہیے؛

— تیز ہواؤں کے لیے مخصوص پناہ گاہ یا اندرونی کمرے میں پناہ لیں۔

سمندری طوفان/سائیکلون/ٹائفون کے بعد:

— اس وقت تک پناہ گاہ سے باہر نہ نکلیں جب تک کہ حکام کی طرف سے سب کچھ ٹھیک ہونے کا نوٹس نہ دیا جائے، یا کم از کم 1 گھنٹے تک ہوا کی کوئی آواز سنائی نہ دے یا اثر محسوس نہ ہو۔

— یاد رکھیں کہ عمارتوں اور درختوں کی ساخت کی سالمیت کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

سونامی کی صورت میں:

— طوفان/مقامات/ممکنہ سیلاب کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے موسم کی تمام انتباہات پر نظر رکھیں - اور اگر ان کا امکان ہو تو اپنے انخلاء کے زون کو جانیں۔

— اگر انخلاء کا حکم دیا جاتا ہے تو فلم بندی کی کسی بھی ضرورت قطع نظر آپ کو ان تقاضوں کی تعمیل کرنی چاہیے؛

— اگر انتباہ جاری کیا جاتا ہے تو جہاں تک ہو سکے زمین پر اونچی جگہ پر جائیں۔

— اگر آپ کشتی میں ہیں، تو لہروں کی سمت کا سامنا کریں اور جتنی جلدی ہو سکے سمندر سے باہر نکلیں؛

— اگر آپ پانی میں ہوں تو، کسی بھی ایسی چیز کو پکڑ لیں جو تیرتی ہو اور اسے پکڑ کر رکھیں؛

سونامی کے بعد:

— سونامی کے بعد، یاد رکھیں کہ سیلابی پانی خطرناک ہوتا ہے؛

— ان پشتوں/کناروں پر کھڑے نہ ہوں جو سیلابی پانی کی نقل و حرکت کی زد میں آ سکتے ہوں؛

** براہ کرم اگر متعلقہ ہو تو سیلاب کے لیے رہنما خطوط پر عمل کریں (اوپر دیکھیں) **

# طوفان/سائیکلونز/ٹائیفونز/سونامیز/طوفان

## گرج، بجلی اور بجلی کے طوفان کی صورت میں:

— 30-30 اصول کو یاد رکھیں! اگر بجلی چمکنے اور گڑگڑاہٹ کے درمیان 30 سیکنڈ سے کم کا وقفہ ہو تو فوراً پناہ تلاش کریں۔ آخری گڑگڑاہٹ کے بعد 30 منٹ گزر جانے تک پناہ گاہ نہ چھوڑیں؛

— الیکٹریکل آؤٹ لیٹ سے منسلک الیکٹرانک آلات استعمال کرنے سے گریز کریں۔ اگر ہینڈ ہیلڈ ڈیوائس پر پناہ گاہ کی جگہ سے فلم بندی کر رہے ہیں (ترجیحی) تو یقینی بنائیں کہ آپ کا آلہ جنریٹر یا مینز الیکٹریکل پاور ساکٹ میں پلگ نہیں ہے۔

— اگر آپ باہر ہوں:

- دھات کی اشیاء سے دور رہیں؛
- اگر آپ جھاڑی میں ہوں تو موٹی اور چھوٹی جھاڑیوں کے تحت نچلے حصے میں جھک جائیں۔
- کھلی جگہوں پر اونچی چیزوں کے قریب نہ کھڑے ہوں؛
- پہاڑی کی چوٹیوں پر یا کھلے دلدل میں کھڑے ہونے سے گریز کریں۔
- کھلی جگہوں پر اونچی چیزوں کے قریب نہ کھڑے ہوں؛
- حرکت کو کم سے کم کریں کیونکہ پھسلن اور کیچڑ بہت زیادہ ہو سکتے ہیں۔
- بہتے پانی سے بچیں؛
- تیز سیلاب کے امکانات سے آگاہ رہیں - اور اگر پانی کی سطح بلند ہونے لگے تو اونچی زمین پر چلے جائیں۔

— اگر آپ کسی کھلے علاقے میں الگ تھلگ ہیں اور سر پر بال کھڑے ہیں تو آسمانی بجلی گر سکتی ہے۔ اپنے گھٹنوں کو زمین پر ٹکائیں، آگے جھکیں، اپنے ہاتھ اپنی رانوں پر رکھیں، اور زمین پر نہ لیٹیں؛

— یاد رکھیں کہ تیز ہوائیں چل سکتی ہیں – مزید معلومات کے لیے براہ کرم ہریکینز زمرہ دیکھیں۔

# آفات کا مقابلہ کرنے میں مدد کرنے والے پیشہ ور اولین کارروائی کنندگان اور دیگر تربیت یافتہ پیشہ ور افراد/ رضاکار

— اگر آپ کے پاس مذکورہ بالا موسمی واقعات میں سے کسی کا مقابلہ کرنے کی تازہ ترین پیشہ ورانہ تربیت ہے تو یہ تربیت اور جواب دہندہ کے طور پر آپ کی ذمہ داریاں اوپر دی گئی رہنمائی کو ختم کر سکتی ہیں۔

— ہمیشہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کی حفاظت، اور دوسروں کی حفاظت فلم بندی کی آپ کی کسی بھی سرگرمی سے اوپر ہے۔

# جانوروں اور زراعت کے ساتھ فلم بندی

— اگر آپ جانوروں کی موجودگی میں فلم بندی کر رہے ہیں تو، اگر وہ آپ سے ناواقف ہیں تو ان سے دوستی کرنے کے لیے حد سے آگے نہ بڑھیں؛

— اگر آپ جانوروں کی موجودگی میں فلم بندی کر رہے ہیں، تو انہیں خطرے کا احساس دلانے والا کوئی کام نہ کریں۔

— گاڑیاں چلاتے یا مشینری کو سنبھالتے وقت فلم بندی نہ کریں؛

— کھیتی باڑی یا زراعت سے منسلک تمام عام سینیٹری، صحت اور حفاظتی اصولوں پر عمل کریں اور فلم بندی کے لیے ان سے سمجھوتہ نہ کریں۔ اس میں مناسب لباس اور PPE پہننا شامل ہے۔

— اگر آپ حاملہ ہیں، یا نئی ماں ہیں، یا دودھ پلا رہی ہیں، تو ہم آپ کو سختی سے مشورہ دیتے ہیں کہ آپ ایسے فارمی جانوروں کے ساتھ رابطے سے گریز کریں جنھوں نے حال ہی میں جنم دیا ہے اور ساتھ ہی نئے پیدا ہونے والے فارمی جانوروں سے بھی گریز کریں۔ اس حالت میں جانور کچھ ایسے بیکٹیریا منتقل کر سکتے ہیں جو حاملہ خواتین اور ان کے پیدا ہونے والے بچوں کے لیے بہت نقصان دہ ہو سکتے ہیں۔

# منجمد والا درجہ حرارت

براہ کرم وہ تمام احتیاطی تدابیر اختیار کریں جن پر آپ عام طور پر منجمد کر دینے والے درجہ حرارت کی صورت میں عمل کریں گے (جیسے مناسب کپڑے پہننا) اور فلم بندی کے لیے کوئی خطرہ مول نہ لیں۔

— سرد درجہ حرارت آپ کے کیمرے کو بری طرح متاثر کر سکتا ہے۔ جب باہر کی ہوا سرد ہو تو اپنے فون کو گرم ماحول میں لانے سے پہلے اسے سیل بند پلاسٹک کے تھیلوں کے اندر رکھیں۔ یہ انہیں آہستہ آہستہ گرم ہونے دیتا ہے اور گاڑھا ہونے سے بچاتا ہے۔

— اگر طوفان کا خطرہ ہو تو مقامی رہنمائی اور اوپر دی گئی رہنمائی پر عمل کریں، اور فلم بندی کے لیے کوئی خطرہ مول نہ لیں۔

MY PLANET NOW

Sandpaper Films

# رابطہ

آپ ’مائی پلانیٹ ناؤ‘ کی پروڈکشن ٹیم سے
myplanetnow@sandpaperfilms.com پر ای میل کر کے یا
+447536999749 پر متنی یا Whatsapp پیغام بھیج کر رابطہ کر
سکتے ہیں

